پذیر ہوا۔ مرثیہ اورنگ زیب میں رحمان بابا کا شعر ہے جس کا ترجمہ ہے کہ بچپن⁵⁵ سے زیادہ عمر کے ہو اور تا حال خود کو پسر (بچہ) سمجھتے ہو۔ گویا ۱۱۱۹ھ میں ان کی عمر ۵۵ برس تھی۔ اگر ان کی عمر ۸۳ برس تصور کی جاتے تو تاریخ وفات ۱۱۴۸ھ ہو سکتی ہے۔ بہرحال ۱۱۱۹ھ مرثیہ اورنگ زیب۔ ۱۱۲۳ھ حادثہ گل خان جمال خان ذکر کرکے اپنی زندگی کا ثبوت دیا ہے۔ التماس ہے کہ اس کی تصحیح ہو۔ مبادا کل کلاں کوئی رحمان بابا کی وفات کے سلسلہ میں "الحق" کو بطور ثبوت پیش کرے۔

محمد نواز خٹک صادق آباد۔ ضلع مردان

قبرص | موتمر العالم اسلامی کے زیر اہتمام قبرص کے عالمی کانفرنس میں شرکت کے لئے کراچی سے گذرا۔ نگاہیں شناساؤں کے لئے ترس رہی تھیں۔ آپ سلام سب کو پہنچا دیجئے۔ الحق ملتا ہے تو شفقت و محبت کی بو ہر صفحہ سے آتی ہے۔ اور شیخ الحدیث مدظلہ کی باتیں روحانی زندگی کا سبب۔ ۲۶ھ میں مسلمانوں نے قبرص فتح کیا۔ حسین و جمیل جزیرہ ہے۔ مسلمانوں کی قدیمی عمارات، مساجد آج تک کھڑی ہیں۔ برطانیہ کے قبضے کے بعد رومی مسلمانوں کی قوت بڑھ گئی اور مسلمان مجبور و مقہور رہا۔ ۷۴ء میں ترکوں نے قبرص کا شمالی حصہ آزاد کرا کے مسلمانوں کی ایک نئی حکومت بنائی اسی حکومت کی حالت دیکھنے کے لئے یہ کانفرنس منعقد ہوئی۔

(مولانا) محی الدین خان۔ مدیر مدینہ ڈھاکہ۔ بنگلہ دیش

قاری عبدالمالک کا سوانحی مواد | امام التجوید قاری عبدالمالک صاحبؒ کی سوانح ترتیب کے آخری مراحل میں ہے قاری صاحب کے متعلقین سے التماس ہے کہ ان کے متعلق جو مواد ان کے ہاں موجود ہو اسے مضمون کی صورت میں مرتب کرکے جلد ارسال فرمائیں۔ نیز ان کے خطوط جن اصحاب کے پاس ہوں وہ بھی ارسال فرمائیں۔ فوٹو کاپی کے بعد واپس کر دئے جائیں گے۔ پتہ

مولوی قاری محمد عارف ایم اے خطیب مسجد ہاسٹل کے ای میڈیکل کالج لاہور

تنظیم فضلاء حقانیہ کراچی کا اجلاس | تنظیم فضلائے حقانیہ کراچی کا اجلاس مرکزی دفتر مسجد قدسیہ ناظم آباد میں زیر صدارت مولانا حسین احمد حقانی منعقد ہوا جس میں دارالعلوم دیوبند کے جشن صد سالہ کے انعقاد پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے قاری محمد طیب مہتمم دارالعلوم دیوبند کو مبارکباد پیش کی گئی۔ اور اکابرین ملت سے درخواست کی گئی کہ پاکستان میں بھی جشن صد سالہ دارالعلوم دیوبند منانے کے لئے مختلف بڑے بڑے شہروں میں اس قسم کے عظیم اجتماعات کا بندوبست کیا جائے۔

دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب کی صحت یابی کے بعد دوبارہ درس حدیث شروع کرنے پر خوشی و مسرت کا اظہار کیا گیا۔

فضلاء حقانیہ کی سرگرمیاں | تعطیلات کے موقع پر دارالعلوم حقانیہ کے فضلاء ملک کے طول و عرض میں دورہ تفسیر